**VALLSS کے لیے خط برائے خاندان: گریڈز K-3 – خزاں 2024 – انگریزی**

عزیز خاندان ____________________،

ورجینیا میں کنڈرگارٹن سے گریڈ 3 کے طلبا و طالبات ایک ابتدائی ریڈنگ اسکرینر ٹیسٹ دیتے ہیں: ورجینیا زبان وخواندگی اسکریننگ نظام (VALLSS) ۔ اس خط میں ہم آپ کو بتائیں گے کہ ہم نے آپ کے بچے کی پڑھنے کی مہارت کے بارے میں کیا جاننا ہے اور ہم ان اہم معلومات کو تدریس کی رہنمائی کے لیے کس طرح استعمال کریں گے ۔

**"زبان اور خواندگی" کیا ہے اور اس کا پڑھنے میں ترقی سے کیا تعلق ہے؟**

زبان کی ترقی بول چال کی زبان کو سمجھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت ہے ۔ خواندگی کا مطلب ہے کہ ایک شخص پڑھ اور لکھ سکتا ہے ۔ پڑھنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ جو کچھ پڑھتے ہیں وہ سمجھ (جان) لیں ۔ پڑھنے کے لیے، لوگوں کو اس قابل ہونا ضروری ہے:

1. ڈی کوڈ - الفاظ کو پڑھنے کے لیے آوازوں کو ملانا
2. این کوڈ - الفاظ کے ہجے کرنا
3. *زبان کو سمجھنا اور استعمال کرنا*

جیسے جیسے ان تینوں شعبوں میں مہارتیں بہتر ہوتی ہیں ، لوگ روانی (لفظوں کو جلدی اور صحیح طریقے سے پڑھنا) اور پڑھنے میں فہم (پڑھی جانے والی چیزوں کو سمجھنا) میں اضافہ کرتے ہیں ۔

**ریڈنگ اسکرینر کیا ہے؟**

ریڈنگ *اسکرینر* ایک قسم کا ٹیسٹ ہے جو ہمیں بتاتا ہے کہ کسی بچے کو پڑھنے کی مہارت میں درکار ترقی کرنے کے لیے اضافی مدد کی ضرورت کا کتنا امکان ہے ۔ جب بچے چھوٹے ہوتے ہیں تو زبان کی نشوونما اور پڑھنے میں مشکلات کے خطرے کے لیے اسکریننگ کرنا ضروری ہے، تاکہ تدریس و ہدایات کو بچے کی ضروریات کے مطابق ڈھالا جا سکے ۔ اگر کسی بچے کو زبان کی نشوونما اور پڑھنے میں دشواری کا زیادہ خطرہ ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ اسے پڑھنے کی نشوونما میں مزید پیش رفت کرنے میں مدد کے لیے اضافی ہدایات (مداخلت) کی ضرورت ہے ۔

***VALLSS* کیا ہے؟**

*VALLSS* ورجینیا ڈیپارٹمینٹ آف ایجوکیشن (VDOE) کے زیر اہتمام پڑھنے والا اسکرینر ہے جو پڑھنے میں مشکلات کے پیدا ہونے کے خطرے کی سطح ظاہر کرنے اور اساتذہ کو ہدایات کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے معلومات فراہم کرنے کی غرض سے بنایا گیا ہے ۔ VALLSS میں ذیلی ٹیسٹ شامل ہیں ، جو *ڈی کوڈنگ* ، *این کوڈنگ* ، اور *زبان* کی پیمائش کرتے ہیں ، جو سب پڑھنے کی سمجھ بوجھ کو بڑھانے کیلئے ضروری ہیں ۔

**<u>میں اپنے بچے کی VALLSS *اسٹوڈنٹ سمری* رپورٹ کیسے پڑھتا / پڑھتی ہوں؟</u>**

**پڑھنے کی مشکلات پیدا ہونے کیلئے *بینڈ آف رسک***

آپ کے بچے کا *بینڈ آف رسک* *اسٹوڈنٹ سمری* رپورٹ کے سب سے اوپر نوٹ کیا جاتا ہے ۔ تین ممکنہ *بینڈز آف رسک* *زیادہ خطرہ* ، *درمیانہ درجہ کا خطرہ* ، *اور* کم خطرہ ہیں ۔ یہ بینڈ حروف تہجی علم (کنڈرگارٹن اور گریڈ 1 کیلئے) کے تحت کوڈ پر مبنی ذیلی ٹیسٹوں میں طالبعلم کے اسکور ، آوازوں کی پہچان ، اور این کوڈنگ / ڈی کوڈنگ کی بنیاد پر شمار کیے جاتے ہیں ۔ ان مہارتوں کے بارے میں معلومات آئندہ صفحے پر *VALLSS ذیلی ٹیسٹ* چارٹ میں موجود ہیں ۔

**اگر آپ کے بچے کا *بینڈ آف رسک زیادہ خطرہ* ہے** ، تو یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کے بچے میں پڑھنے میں دشواری پیدا ہونے کا *زیادہ خطرہ* ہے ۔ ورجینیا کے ارلی انٹروینشن ریڈنگ انیشی ایٹو (EIRI) کے تحت *زیادہ خطرہ* سے دوچار طلباء کو باقاعدگی سے کلاس روم کی باقاعدہ تدریس سے بڑھ کر 2.5 گھنٹے اضافی پڑھنے کی تدریس و ہدایت حاصل کرنے کی ضرورت ہے ۔

ڈویژن اور اسکول اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ کس طرح اصلاح ومداخلت کی جائے ۔ فی ہفتہ 2.5 گھنٹے میں ایک *شخص* یا *پروگرام* کے ساتھ وقت ، یا دونوں کا مجموعہ شامل ہوسکتا ہے ۔ یہ اصلاح ومداخلت آپ کے بچے کے کلاس روم میں یا اسکول میں کسی متبادل مقام پر ہوسکتی ہے ۔ آپ اپنے بچے کے استاد / استانی سے وضاحت کے لیے پوچھ سکتے ہیں ۔

**اگر آپ کے بچے کے *خطرے کا بینڈ درمیانہ درجہ* یا کم ہے** تو ، آپ کے بچے کو ورجینیا کے ارلی انٹروینشن ریڈنگ انیشی ایٹو (EIRI) کے ذریعہ فنڈ سے اصلاح و مداخلت حاصل کرنے کے لئے شناخت نہیں کیا جاتا ۔ تاہم ، آپ کے بچے کے انفرادی ذیلی ٹیسٹ اسکور اب بھی اس بات کی نشاندہی کرسکتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کچھ پڑھنے کی مہارت میں اضافی ہدایات کی ضرورت ہے ۔

***تدریسی اشاریے***

ہر ذیلی ٹیسٹ کے لیے ، آپ کے بچے کو خام اسکور ملے گا ۔ یہ اسکور ہمیں ان مہارتوں پر توجہ دینے میں مدد کرتے ہیں جنہیں اضافی ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اگر آپ کے بچے کے پاس ذیلی ٹیسٹ کے اسکور کے ساتھ تدریسی اشاریہ یا انسٹرکشنل انڈیکیٹر (ایک ستارہ *) ہے ، تو آپ کے بچے کو اس مہارت میں اضافی ہدایات کی ضرورت ہو سکتی ہے ۔

**اگر آپ کا بچہ زیادہ خطرے کے بینڈ میں آتا ہے تو وہ EIRI رہنما اصولوں کے مطابق پڑھنے کے منصوبہ کے لیے اہل ہے ۔ آپ کے بچے کو منسلک VALLSS رپورٹ میں نشاندہی کردہ ان شعبوں میں اصلاح و مداخلت فراہم کی جائے گی جہاں محنت کی ضرورت ہے ۔**

اسٹوڈنٹ ریڈنگ پلانز مخصوص مطالعاتی مداخلت یا اصلاح کی خدمات کی تفصیل بیان کرتے ہیں جو آپ کے بچے کو فراہم کی جائیں گی ۔ پڑھنے کے منصوبے خاندانوں ، اساتذہ اور ماہرین کے شراکت سے تیار کیے جائیں گے اور انہیں **گریڈز 1-3** کے طالبعلموں کیلئے والدین / اساتذہ کی کانفرنسوں کے دوران آپ کے اشتراک سے حتمی شکل دی جائے گی ۔ آپ کی اس کانفرنس میں اپنے بچے کے مطالعے یا ریڈنگ منصوبے کی تشکیل میں حصہ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ آپ کے بچے کا مطالعہ یا ریڈنگ پلان پیرنٹ ٹیچر کانفرنسوں کے بعد ParentVUE میں دیکھا جاسکے گا ۔ **کنڈرگارٹن کے** منصوبے 22 نومبر تک ParentVUE میں دیکھے جائیں گے اور اگر آپ کو پڑھنے کے منصوبے کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا ہے تو آپ اپنے بچے کے استاد / استانی کے ساتھ کانفرنس کی درخواست کرسکتے ہیں اور / یا رائے دے سکتے ہیں ۔

اپنے بچے کی خواندگی میں اعانت کیلئے دستیاب وسائل و ماخذ کیلئے ، براہ مہربانی link استعمال کیجیئے ۔

مخلص ،

VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS

# VALLSS: گریڈز K-3 میں کیا پیمائش کرتا ہے؟

| | VALLS ذیلی ٹیسٹس | بیان وتصریح |
|---|---|---|
| کوڈ پر مبنی | حروف کے نام | حروف کے نام کا علم جانچنے کے لیے بڑے اور چھوٹے حروف کے نام بتائیے |
| | حروف کی آواز | حروف کی آواز کے علم کی جانچ کرنے کے لیے جب بڑے اور چھوٹے حروف کے جوڑے (جیسے، Ee) کے ساتھ پیش کیا جائے تو حرف کی آوازیں نکالیئے ۔ |
| | شروع کی آوازوں کا واضح اظہار | کسی لفظ کی پہلی آواز نکالیئے یا ایک ایسا لفظ بولیئے جو اسی آواز سے شروع ہوتا ہے جیسے دیا گیا لفظ تاکہ الگ آواز کی پیمائش کی جائے |
| | صوتیہ جوڑنا | آوازوں کو سنیئے اور انہیں ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر ایک لفظ کہیے تاکہ آوازوں کو اکٹھا کرکے پیمائش کی جائے |
| | صوتیہ کے ٹکڑے کرنا | ایک لفظ کو سنیئے اور اس کے حروف کی الگ الگ آواز کی پیمائش کرنے کے لیے آواز میں توڑ دیجیئے |
| | این کوڈنگ | صوتیات یا تلفظ کی مہارت کا اطلاق کی پیمائش کرنے کے لیے الفاظ کے ہجے کیجیئے |
| | اصل لفظ کی ڈی کوڈنگ | صوتیات یا تلفظ کی مہارت کا اطلاق کی پیمائش کرنے کے لیے الفاظ کے ہجے کیجیئے |
| | مہمل لفظ کی ڈی کوڈنگ | صوتیات یا تلفظ کی مہارت کا اطلاق کی پیمائش کرنے کے لیے من گھڑت الفاظ پڑھیئے |
| | زبانی روانی سے پڑھنا (ORF) | ایک منٹ میں صحیح طریقے سے پڑھے گئے الفاظ کی تعداد کی پیمائش کرنے کے لیے عبارت پڑھیئے |
| زبان کی سمجھ بُوجھ | عبارت کو دوبارہ بیان کرنا | زبانی کلام کے علم اور مہارت جانچنے کے لیے ایک کہانی کو سنیئے اور دوبارہ سنایئے |
| | واضح سمجھ بُوجھ کے سوالات | سننے کی پیمائش کرنے کے لیے ایک کہانی سننے کے بعد سوالات کا جواب دیجیئے |
| | فضول یا لغو جملے | گرامر کی پیمائش کرنے کے لیے فضول یا لغو جملے دوہرایئے |
| | متعلقہ الفاظ | الفاظ کی پیمائش کرنے کے لیے جملے سننے کے بعد تصویر منتخب کیجیئے |
| | الفاظ کی روانی | الفاظ کی پیمائش کرنے کے لیے تصاویر کے نام جلدی سے لیجیئے |
| RAN | تیز خودکار نام لینا (RAN): حروف | پراسیسنگ کی مشکلات کے لیے اسکرین پر دہرائے گئے حروف کا نام تیزی سے لیجیئے |

ہر گریڈ کی سطح پر یا اسیسمنٹ کی مدت میں تمام ذیلی ٹیسٹس کی ضرورت نہیں ۔

VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS

جملہ حقوق یا کاپی رائٹ © 2023 بحق یونیورسٹی آف ورجینیا ۔